خبر نامہ

ادارہ

صوتی لائبریریوں میں تلاوت کلام پاک و دینی معلومات کیسٹس

مسلم معاشرے میں سہولت پسندی کے بڑھتے ہوئے رجحانات کو دیکھ کر سعودی عربیہ کی تنظیم ''التوعیۃ الاسلامیۃ'' نے مختلف ملکوں میں صوتی لائبریریوں کے قیام کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس کے جنرل سکریٹری نے اس کا مقصد یہ بتایا ہے کہ مسلمانوں میں اسلامی بیداری اور صحیح اسلامی فکر وعقیدہ کی اشاعت ہو، ان صوتی لائبریریوں کے کیسٹس تلاوت کلام پاک، قرآن و حدیث اور دینی موضوعات پر علمی مباحثوں، جدید اور عصری مسائل پر مستند مفتیوں کے فتووں اور علمائے اسلام کی تقریروں پر مشتمل ہوں گی جن سے مسلمانوں کی دینی معلومات میں اضافہ ہوگا اور یہ نہایت ارزاں قیمت میں فروخت کی جائیں گی۔ خبر یہ ہے کہ التوعیہ نے دو ہزار کیسٹس تیار کر کے مختلف بیرونی لائبریریوں اور دفتروں کو بھیج دیے ہیں۔ (معارف، فروری ۲۰۰۷ء)

مصحف المدینہ النبویۃ

شاہ فہد طباعت قرآن کومپلیکس مدینہ منور ''مصحف المدنیۃ النبویۃ'' کے نام سے ایک ڈسک ٹاپ اشاعتی سافٹ ویر جاری کرنے والا ہے، اس سافٹ ویر کی مدد سے قرآن کریم کی آیات کو تلاش کرنا آسان ہو جائے گا، اس کے علاوہ یہ بھی ممکن ہو جائے گا کہ MS Word جیسے ورڈ پروسسنگ سافٹ ویر میں آیات کو براہ راست داخل کیا جاسکے، اس سافٹ ویر کی ایک اور شکل APPLE MACINTOSH کمپیوٹر استعمال کرنے والوں کے لیے بھی تیار کی گئی ہے۔

(اخبار تحقیق اسلام آباد، جنوری - مارچ ۲۰۰۷ء)